Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

StudentBounty.com

# اُردو(لازمی) ۔ ایس ایس سی-II

وقت: 20منٹ　　　حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) حضرت مجدد الف ثانیؒ نے محض دین کی خاطر ________ کے زمانے میں قید و بند کی سختیاں جھیلیں۔

الف۔ بابر　ب۔ ہمایوں　ج۔ شیر شاہ سوری　د۔ جہانگیر

(ii) مولانا حالیؔ کا سن پیدائش کیا ہے؟

الف۔ 1830ء　ب۔ 1837ء　ج۔ 1835ء　د۔ 1832ء

(iii) ننگے سر کھانا کھاتے ہیں تو شیطان ________ مارتا ہے۔ (بحوالہ سبق ۔۔۔۔۔شاعروں کی باتیں)

الف۔ چپتیں　ب۔ پتھر　ج۔ دھولیں　د۔ ٹانگیں

(iv) 'سفر کامیابی کی کنجی ہے' کے مصنف کا کیا نام ہے؟

الف۔ مولانا عبدالحلیم شرر　ب۔ غلام عباس　ج۔ ڈپٹی نذیر احمد　د۔ علامہ راشد الخیری

(v) فاطمہ کی شہادت پر اس کا والد کیا کرتا ہے؟

الف۔ رونے لگتا ہے　ب۔ خاموش رہتا ہے　ج۔ تسلی دیتا ہے　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(vi) حضور ﷺ نے ________ کو مہذب کر دیا۔(بحوالہ۔۔۔محسنِ انسانیت)

الف۔ عربوں　ب۔ وحشیوں اور صحرانشینوں　ج۔ عجمیوں　د۔ تمام دنیا

(vii) نیش عقرب کے کیا معنی ہیں؟

الف۔ موتیوں کی لڑی　ب۔ خوبصورت دانے　ج۔ بچھو کا ڈنک　د۔ قیمتی ہار

(viii) نظم 'نمودِ صبح' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ علامہ اقبالؒ　ب۔ الطاف حسین حالیؔ　ج۔ حفیظ جالندھریؔ　د۔ میر ببر علی انیسؔ

(ix) 'ابنِ مریم' سے کون مراد ہیں؟

الف۔ حضرت الیاسؑ　ب۔ حضرت عیسیٰؑ　ج۔ حضرت موسیٰؑ　د۔ حضرت یوسفؑ

(x) میکدہ کے کیا معنی ہیں؟

الف۔ محل　ب۔ آشیانہ　ج۔ شراب خانہ　د۔ کوئی سی عمارت

(xi) '' تم گئے '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ ماضی قریب　ب۔ ماضی شکیہ　ج۔ ماضی مطلق　د۔ ماضی استمراری

(xii) '' اُس '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ اسم ذات　ب۔ اسم صفت　ج۔ اسم علم　د۔ اسم ضمیر

(xiii) 'اس نے خط لکھا ہوگا' ۔قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ ماضی شکیہ　ب۔ ماضی بعید　ج۔ ماضی تمنائی　د۔ ماضی شرطیہ

(xiv) کتاب و قلم میں '' و '' قواعد کی رو سے ________ ہے۔

الف۔ حرف جار　ب۔ حرف علت　ج۔ حرف عطف　د۔ حرف اضافت

(xv) '' ندیم ہنسا '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ فعل لازم　ب۔ فعل متعدی　ج۔ فعل معروف　د۔ فعل مجہول

---

برائے ممتحن:　کُل نمبر : 15　حاصل کردہ نمبر: ____

StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ۔ ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے　　　　　　　　　　کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جواب صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 35)

سوال نمبر ۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (15x2=30)

(i) محمد احسن تحصیل دار اپنی دانست میں اپنی بیٹی کو کیوں اہمیت نہیں دیتے تھے؟

(ii) سگو نے بیگم تراب علی کا کیا نام رکھا اور اس کے معنی کیا ہیں؟

(iii) فاطمہ بنتِ عبداللہ کی والدہ نے خواب میں کیا دیکھا؟

(iv) غضنفر صاحب کی سبک دوشی کے بعد کسی کالج یا یونیورسٹی نے ان کے علم و فضل سے استفادہ کیوں نہیں کیا؟

(v) احسان دانش مزدور سے یونیورسٹی کے ممتحن کے مقام تک کیونکر پہنچے؟

(vi) حضرت عمرؓ کے زمانے میں تقرری کے وقت ہر عامل سے کن باتوں کا عہد لیا جاتا تھا؟

(vii) مصنف کے خیال میں ان مچھروں کے پالنے میں کس کا ہاتھ ہو سکتا ہے؟

(viii) شاہ ولی اللہ دہلویؒ اور ان کے بیٹوں نے مسلمانوں کے کن معاملات کی اصلاح کے لیے کوشش کی؟

(ix) "مسدس" سے قبل مولانا حالیؔ کون کون سی نظم لکھ چکے تھے؟

(x) غالب نے دہلی کالج کی ملازمت تدریس کیوں قبول نہ کی؟

(xi) پہلے، دوسرے اور تیسرے دور میں برصغیر میں کون سے فاتح آئے؟

(xii) صاحب بہادر نے ریل کے سفر کے دوران مصنف سے کیا کیا دریافت کیا؟

(xiii) گو حکم تیرے لاکھوں یاں ٹالتے رہے ہیں　　لیکن ٹلا نہ ہرگز، دل سے خیال تیرا ۔
دیے گئے شعر میں **قافیہ** اور **ردیف** لکھیں۔

(xiv) لقب کی تعریف کریں اور کوئی سے دو القاب تحریر کریں۔

(xv) شاعر حفیظؔ جالندھری نے ادائے فرض کو زندگی کیوں قرار دیا ہے؟

(xvi) "با" اور "ور" کے سابقے / لاحقے سے ایک ایک لفظ بنائیے۔

(xvii) شاعر دلاور فگار نے گھر کو 'چراغِ رہگزر' سے کیوں تشبیہ دی ہے؟

(xviii) "مطلع" اور "مقطع" کی تعریف لکھیں۔

(xix) شامل نصاب غزل میں چمن، خوشبو اور پھول سے شاعر ناصرؔ کاظمی کی کیا مراد ہے؟

ب۔ اپنے سکول کے پرنسپل / ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیں۔ (5)

StudentBounty.com

## حصہ سوم (کُل نمبر 25)

**سوال نمبر۳:** **سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+4=5)

الف: وہ مرد مانتا تھا کہ قرضہ واجب ہے، مگر کہتا تھا کہ میں کیا کروں۔ اس وقت بالکل تہی دست ہوں۔ ہر چند اس بے چارے نے بَنیے کی اور سرکاری پیادوں کی بہتیری ہی خوشامد کی، مگر نہ بنیا مانتا تھا نہ پیادے باز آتے تھے اور پکڑے لیے چلے جاتے تھے۔ لوگ جو وہاں کھڑے تھے، انھوں نے بھی کہا: ''لالہ، جہاں تم نے اتنے دنوں صبر کیا، دس پانچ روز اور صبر کر جاؤ''۔ بنیا بولا ''اچھی کہی، میاں جی، اچھی کہی''۔

ب: کیوں صاحب! رُوٹھے ہی رہو گے یا کبھی منو گے بھی؟ اور اگر کسی طرح نہیں منتے تو رُوٹھنے کی وجہ تو لکھو۔ میں اس تنہائی میں صرف خطوں کے بھروسے جیتا ہوں، یعنی جس کا خط آیا، میں نے جانا کہ وہ شخص تشریف لایا۔ خدا کا احسان ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا جو اطراف و جوانب سے دو چار خط نہیں آ رہتے ہوں، بلکہ ایسا بھی دن ہوتا ہے کہ دو دوبار ڈاک کا ہر کارہ خط لاتا ہے، ایک دو صبح کو اور ایک دو شام کو، میری دلگی ہو جاتی ہے۔ دن ان کے پڑھنے اور جواب لکھنے میں گزر جاتا ہے۔

**سوال نمبر۴:** **شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

الف: یک بہ یک اُبھرا حرا کے غار سے اک آفتاب
وہ محمد مصطفیٰ ﷺ اُمّی لقب، رحمت مآب
اُس کا آنا تھا کہ جنت کے دریچے کھل گئے
ابرِ رحمت اس قدر برسا کہ چہرے دُھل گئے

ب۔ بہرِ دفعِ درد پلوائی طبیبوں نے شراب
کر دیا دُور اس طرح اس کے شکم کا پیچ و تاب
مردِ حق نے پھر نہ فرمایا طلب وہ تیز گام
شرعِ تقویٰ اور ہے، کچھ اور رسم و راہِ عام

**سوال نمبر۵:** **شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔ مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی
موت آتی ہے پر نہیں آتی

ب۔ موت بھی زندگی میں ڈوب گئی
یہ وہ دریا ہے جس کی تھاہ نہیں

ج۔ یاس کی چھاؤں میں سونے والے
جاگ اور شورِ درا غور سے سُن

**سوال نمبر۶:** **دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں:** (10)

الف۔ محنت کی برکتیں

(i) محنت کی عظمت
(ii) شیوۂ پیغمبری
(iii) عظیم انسانوں کا شیوہ
(iv) محنت کا شیریں ثمر
(v) انسانی ترقی کا سر بستہ راز

ب۔ علم کے فائدے

(i) علم کے معنی و مفہوم
(ii) علم کی فضیلت
(iii) نور و ہدایت
(iv) لازوال دولت
(v) سائنسی ترقی کا دور

------ 2SA-1103 ------